اظہار الحق کا اُردو ترجمہ اور شرح و تحقیق

مکتبہ دارالعلوم کراچی

يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ تَعَالَوْا اِلٰى كَلِمَةٍ سَوَآءٍۢ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ (الآية)

بائبل سے قرآن تک

حضرت مولانا رحمت اللہ صاحب کیرانوئیؒ کی شہرۂ آفاق تالیف

"اظہار الحق"

کا اردو ترجمہ اور شرح و تحقیق

ترجمہ
مولانا اکبر علی صاحب
استاذ حدیث دارالعلوم کراچی

شرح و تحقیق
محمد تقی عثمانی
استاذ دارالعلوم کراچی

مکتبہ دارالعلوم کراچی ۱۴

باہتمام : محمد قاسم کلکتی
طبع جدید : شعبان المعظم ۱۴۳۱ھ ...... جولائی 2010ء
فون : 5042280 - 5049455
ای میل : mdukhi@cyber.net.pk

ملنے کے پتے

مکتبہ دارالعلوم احاطہ جامعہ دارالعلوم کراچی ﴿ ناشر ﴾

- ادارۃ المعارف احاطہ جامعہ دارالعلوم کراچی
- مکتبہ معارف القرآن احاطہ جامعہ دارالعلوم کراچی
- ادارہ اسلامیات ۱۹۰ انارکلی لاہور
- دارالاشاعت اردو بازار کراچی
- بیت الکتب گلشن اقبال نزد اشرف المدارس کراچی

اور حدیث میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ دعا منقول ہے کہ:

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ مَا قَدَّمْتُ وَمَا اَخَّرْتُ وَمَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّیْ، اَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَ اَنْتَ الْمُؤَخِّرُ، لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ،	"اے اللہ! میرے اگلے اور پچھلے، پوشیدہ اور علانیہ تمام گناہ معاف فرما دیجئے، نیز وہ گناہ جو مجھ سے زیادہ آپ کو معلوم ہیں، آپ ہی آگے کرنے والے ہیں اور آپ ہی پیچھے کرنے والے آپ کے سوا کوئی معبود نہیں۔"

جواب یہ ہے کہ صغریٰ، کبریٰ دونوں غلط ہیں، اس لئے نتیجہ یقیناً غلط اور جھوٹا ہے، ہم ان دونوں کے بطلان کے لئے پانچ چیزیں بطور تمہید کے عرض کرتے ہیں:

پہلی بات یہ بات ذہن نشین کرنے کے لائق ہے کہ خدا تعالیٰ رب اور خالق ہے، اور مخلوق سب کی سب اس کے زیر تربیت اور اس کی پیدا کردہ ہے، اس لئے وہ تمام چیزیں جو ربّ و خالق کی طرف سے بندۂ مربوب و مخلوق کے حق میں صادر ہوں، خواہ خطاب ہو یا عتاب، یا طلب برتری وغیرہ سب اپنے موقع اور محل کے مطابق ہیں، اور اس کی مالکیت اور خالقیت کا اقتضاء ہیں، اسی طرح وہ تمام چیزیں جو بندوں کی جانب سے صادر ہوں، خواہ وہ دعائیں ہوں، التجائیں ہوں، رونا گڑگڑانا ہو وہ ٹھیک اپنے موقع اور محل پر ہیں، اور اس کی مخلوقیت اور بندگی کا مقتضیٰ ہیں، اور انبیاء اور پیغمبر بھی خدا کے بندے اور اس کے مخلص ہیں، اس لئے وہ بھی ان کاموں کے سب سے زیادہ

مستحق ہیں، اور اس قسم کے تمام مواقع پر اللہ کے کلام کو معنیٔ حقیقی پر محمول کرنا یا انبیاء و پیغمبروں کی دعاؤں میں اس کے حقیقی معنی مراد لینا خطا اور گمراہی ہے، جن کے شواھد دونوں عہد کی کتابوں میں بالخصوص زبور میں بے شمار ہیں، نمونے کے طور پر ہم ان میں سے کچھ نقل کرتے ہیں:

پہلی مثال:

انجیل مرقس کے باب ۱۰ اور انجیل لوقا کے باب ۱۸ آیت ۱۸[1] میں ہے:

"پھر کسی سردار نے اس سے یہ سوال کیا کہ اے نیک استاد! میں کیا ...کروں، تاکہ ہمیشہ کی زندگی کا وارث بنوں؟ یسوع نے اس سے کہا، تو مجھے نیک کیوں کہتا ہے؟ کوئی نیک نہیں، مگر ایک یعنی خدا۔"

دوسری مثال:

زبور ۲۲ آیت ۱ میں ہے:

"اے میرے خدا! اے میرے خدا! تو نے مجھے کیوں چھوڑ دیا؟ تو میری مدد، اور میرے نالہ و فریاد سے کیوں دور رہتا ہے؟ اے میرے خدا میں دن کو پکارتا ہوں، پر تو جواب نہیں دیتا، اور رات کو بھی (اور تو میری پرواہ نہیں کرتا)[2]

چونکہ عیسائی حضرات کے دعوے کے مطابق ان آیات کا تعلق حضرت عیسیٰ علیہ السلام

---

[1] موجودہ تراجم میں یہ آیت ۱۸ ہی، یہاں انجیل لوقا کے الفاظ نقل کئے گئے ہیں، مرقس ۱۰: ۱۷ میں یہی واقعہ لفظوں کے معمولی اختلاف کے ساتھ موجود ہے،

[2] یہ اظہار الحق میں نقل شدہ عربی ترجمے کا ترجمہ ہے، عربی الفاظ یہ ہیں: "فلم تحفل بی" لیکن موجودہ ترجمہ میں اس کی جگہ یہ جملہ ہے: "اور خاموش نہیں ہوتا۔"